**04.08.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................ ارجمند علی خان

**Music**

---------------------------------

☆ فلپینس کے صدر Ferdinand R Marcos نے بھارت کو ایک اہم دوست ملک قرار دیا ہے۔ وہ آج سے بھارت کا پانچ دن کا سرکاری دورہ شروع کررہے ہیں۔

☆ لوک سبھا کی کارروائی بہار میں ووٹر فہرستوں کے مسودے کو واپس لئے جانے سمیت مختلف معاملات پر اپوزیشن کے شور وغل کے تناظر میں دو بجے تک کیلئے ملتوی کی گئی ہے۔

☆ جھارکھنڈ کے سابق وزیراعلیٰ شیبوسورین کا انتقال ہوگیا ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، وزیراعظم نریندر مودی اور دیگر رہنماؤں نے اُن کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

☆ سپریم کورٹ نے گلوان وادی کی جھڑپ کے تعلق سے بھارتی فوج کے بارے میں کانگریس لیڈر راہل گاندھی کی رائے زنی کی بنا پر ناپسندیدگی کا اظہار کیا ہے اور اُن سے کہا ہے کہ وہ سوشل میڈیا کے بجائے پارلیمنٹ میں بیان دیں۔

☆ اور کرکٹ میں، Oval کے میدان پر بھارت اور انگلینڈ کے درمیان ٹیسٹ میچ دلچسپ مرحلے میں پہنچ گیا ہے۔ بھارت کو سیریز برابر کرنے کیلئے 4 وکٹ کی ضرورت ہے۔

----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے...........

**Philippines President Visit**

فلپینز کے صدر Ferdinand R. Marcos Junior آج دو پہر بھارت کے پانچ روزہ سرکاری دورے پر نئی دلّی پہنچیں گے۔ اُن کے ہمراہ، اُن کی اہلیہ Louise Araneta Marcos اور مختلف کابینی وزراء، دیگر سرکردہ شخصیات، سینیئر عہدے داران اور کاروباری نمائندوں کے ساتھ ساتھ ایک اعلیٰ سطحی وفد بھی ہوگا۔ فلپینز کے صدر کا عہدہ سنبھالنے کے بعد صدر Marcos کا بھارت کا یہ پہلا دورہ ہوگا۔ اِس دورے کے دوران کُل وزیر اعظم نریندر مودی اور صدر Marcos کے درمیان دو طرفہ بات چیت ہوگی۔ اپنی روانگی سے قبل فلپینز کے صدر نے بھارت کو ایک قدر والا دوست قرار دیا۔

جناب Marcos نے اِس بات پر زور دیا کہ مشترکہ جمہوری قدریں، بحری مفادات اور علاقائی امن، بھارت کے ساتھ مستحکم، وسیع تر اور زیادہ بامعنی دو طرفہ اشتراک کی بنیاد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے ساتھ باہمی تعلقات میں خاطر خواہ پیش رفت ہوئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت کے ساتھ اشتراک کے امکانات اب بھی موجود ہیں، جو دونوں ملکوں کے لیے سودمند ہوگا۔ انہوں نے اشتراک کی خاطر دفاع، تجارت، صحت، ادویات، زراعت، سیاحت اور ڈیجیٹل کنکٹیویٹی کے شعبوں کو اجاگر کیا۔×

**Parliament-Monsson Session**

راجیہ سبھا کی کارروائی جھارکھنڈ کے سابق وزیراعلیٰ شیبوسورین کے احترام میں دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی ہے، جن کا آج نئی دلّی میں 81 سال کی عمر میں انتقال ہوگیا۔ آج دن میں 11 بجے جب ایوان کی کارروائی شروع ہوئی تو راجیہ سبھا کے ڈپٹی چیئرمین ہری وَنش نے شیبوسورین کو خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ شیبو سورین ایک سرکردہ اور ممتاز قبائلی رہنما تھے، جنہوں نے قبائلی طبقوں کے حقوق اور اُن کی بہبود میں اہم رول ادا کیا۔

**1400-New Harivansh Shibu Soren**

اِدھر لوک سبھا کی کارروائی مختلف معاملات پر اپوزیشن کے شور وغل کے تناظر میں دوپہر دو بجے تک کیلئے ملتوی کی گئی ہے۔ ایوان کی کارروائی جب دن میں 11 بجے شروع ہوئی تو لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے سوالوں کے وقفے کی کارروائی چلانے کی کوشش کی لیکن اپوزیشن ارکان نے بہار میں ووٹر فہرستوں پر خصوصی تفصیلی نظرثانی کو واپس لئے جانے سمیت مختلف معاملات پر نعرے بازی شروع کردی۔ جناب برلا نے اپوزیشن سے اپیل کی کہ وہ سوالوں کے وقفے کی کارروائی چلنے دیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ اہم کام کاج ہے اور اپوزیشن کو اس میں حصہ لینا چاہیئے۔

البتہ اپوزیشن ارکان نے اپنا احتجاج جاری رکھا اور اس کی وجہ سے اسپیکر نے کارروائی 2 بجے تک کیلئے ملتوی کردی۔

**1400- Om Birla**

شور وغل کے دوران لیبر اور روز گار محکمے کے وزیر منسکھ مانڈویا نے سرکاری شعبے کی کمپنیوں میں روزگار سے متعلق ایک سوال کا جواب دیا۔

امید ہے کہ نوجوانوں کے اُمور اور کھیلوں کے محکمے کے وزیر منسکھ مانڈویا آج لوک سبھا میں قومی اسپورٹس Governance بل 2025 پیش کریں گے۔ اس کا مقصد کھیلوں کی ترقی اور فروغ، کھلاڑیوں کیلئے بہبود کے اقدامات، اچھی حکمرانی کے بنیادی یکساں اُصولوں کی بنیاد پر اخلاقی طور طریقے اور اولمپک اور کھیلوں سے متعلق تحریک اور مسلمہ قانونی معیارات کے مطابق سہولیات فراہم کرنا ہے۔×

**Parl Mandavia-LS**

لیبر اور روزگار محکمے کے وزیر منسکھ مانڈویا نے کہا ہے کہ روزگار میلے کے تحت گزشتہ 16 مہینوں کے دوران 11 لاکھ سے زیادہ خواہشمند افراد کو ملازمت ملی ہے۔ آج لوک سبھا میں ایک ضمنی سوال کا جواب دیتے ہوئے مرکزی وزیر نے کہا کہ ریزرو بینک کی رپورٹ کے مطابق گزشتہ دہائی میں 17 کروڑ سے زیادہ نوجوانوں کو روز گار ملا ہے۔

انہوں نے کہا کہ UPA کے دورِ حکومت کے 10 سال کے دوران روزگار کے صرف تین کروڑ مواقع پیدا ہوئے تھے۔ جناب مانڈویا نے مزید کہا کہ اگلے پانچ سال میں چار کروڑ سے زیادہ ملازمتیں دستیاب کرانے کی خاطر پردھان منتری وِکست بھارت روزگار یوجنا کے تحت دو لاکھ کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔

1415-Mandaviya Rozgar

جناب مانڈویا نے کہا کہ UPA سرکار کے دور میں زراعت کے شعبے میں ملازمت کی شرح منفی 16 فیصد تھی، جو NDA کے دور حکومت میں بڑھ کر 19 فیصد ہوگئی ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ خدمات کے شعبے میں ملازمت کی شرح NDA سرکار کے دور میں بڑھ کر 36 فیصد ہوگئی، جبکہ UPA کے دور حکومت میں یہ 25 فیصد تھی۔

1415- Mandviya- Servece Sector

جناب منسکھ مانڈویا نے یہ بھی کہا کہ بے روزگاری کی شرح کم ہوکر تین اعشاریہ دو فیصد رہ گئی ہے، جو کئی ترقیاتی ملکوں کی شرح سے بھی کافی نیچے ہے۔×

**Shibu Soren Death**

جھارکھنڈ کے سابق وزیراعلیٰ شیبو سورین کا آج نئی دلّی میں 81 سال کی عمر میں انتقال ہوگیا۔ وہ جھارکھنڈ کے موجودہ وزیراعلیٰ ہیمنت سورین کے والد ہیں۔ شیبو سورین گُردے کی بیماری میں مبتلا تھے اور تقریباً ڈیڑھ مہینے پہلے انہیں دورہ پڑا تھا۔ وہ قومی راجدھانی کے سَرگنگا رام اسپتال میں پچھلے ایک مہینے سے لائف سپورٹ نظام پر تھے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیراعظم نریندر مودی نے جھارکھنڈ کے سابق وزیراعلیٰ شیبوسورین کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے شیبوسورین کو سب سے بنیادی سطح کا رہنما قرار دیا، جو عوام کے تئیں اپنے پختہ عزم اور لگن کے ساتھ عوامی زندگی کے مختلف مرحلوں سے گزرتے ہوئے بلندی پر آئے۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے بھی شیبوسورین کے انتقال پر دُکھ کا اظہار کیا ہے۔×

**SC - Rahul Gandhi**

آج سپریم کورٹ نے 2020 میں گلوان وادی میں چین کے ساتھ جھڑپ کے سلسلے میں بھارتی فوج کے بارے میں اپوزیشن کے رہنماء راہل گاندھی کی مبینہ توہین آمیز رائے زنی پر ناپسندیدگی کا اظہار کیا ہے۔ تاہم سماعت کے دوران عبوری راحت فراہم کر دی گئی تھی، لیکن بینچ نے جناب گاندھی کی رائے زنی کو نامنظور کر دیا تھا۔ جسٹس دِیپانکر دتّا اور AG Masih پر مشتمل بینچ نے مشاہدہ کیا تھا کہ بطور اپوزیشن رہنماء انہیں اِس طرح کی تشویش کا اظہار سوشل میڈیا کے بجائے پارلیمنٹ میں کرنا چاہیے۔ جسٹس دتّا نے راہل گاندھی کے اِس دعوے پر بھی سوال اُٹھایا تھا کہ 2 ہزار مربہ کلو میٹر بھارتی علاقے پر چین کا قبضہ ہے۔×

**RBI - MPC**

بھارتی ریزرو بینک RBI کی مالیاتی پالیسی کمیٹی ریپوریٹ میں کمی سے متعلق آج اپنی تین روزہ میٹنگ کا آغاز کرے گی۔ RBI کے گورنر سنجے ملہوترا کی سربراہی میں کمیٹی کے فیصلے کا بدھ کے روز اعلان کیا جائے گا۔ اسٹیٹ بینک آف انڈیا کی ایک رپورٹ کے مطابق RBI دیوالی سے پہلے قرض کی دستیابی میں اضافے کے لیے اپنی مالیاتی پالیسی جائزے میں ریپوریٹ میں 25 فیصد Basis Points کی کمی کا اعلان کرسکتا ہے۔×

**PIB Fact Check**

پریس انفارمیشن بیورو کے حقائق کی جانچ سے متعلق شعبے نے بھارت اور امریکہ کے درمیان محصول سے متعلق حالیہ حالات و واقعات کے تعلق سے جھوٹے دعوے پھیلانے کیلئے سوشل میڈیا اکاؤنٹس کو مورد اِلزام ٹھہرایا ہے۔ اِن اکاؤنٹس پر مَن گھڑت بیانات، وزارت خارجہ اور امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ سے منسوب کرنے کا الزام عائد کیا گیا ہے۔ حقائق کی جانچ سے متعلق شعبے نے لوگوں کو خبردار کیا ہے کہ وہ آن لائن غلط جانکاری اور فرضی پروپیگنڈہ کے بہکاوے میں نہ آئیں۔ مذکورہ شعبے نے لوگوں کو یہ صلاح بھی دی ہے کہ وہ اس طرح کے کسی بھی مواد پر بھروسہ کرنے یا دوسروں کو بھیجنے سے پہلے سرکاری ذرائع سے اس کی تصدیق کرلیں۔×

**HP - Weather**

آج ہماچل پردیش کے زیادہ تر حصوں میں رُک رُک کر مانسون کی بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ موسمیات کے محکمے نے شملا، سولن اور سرمور اضلاع میں شدید بارش کے لیے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ 6 اگست سے 8 اگست تک ریاست بھر میں شدید بارش کے لیے Yellow الرٹ بھی جاری کیا گیا ہے۔ شدید بارش کے پیش نظر کلو سے لے کر منالی سب ڈیویژن میں آج سبھی تعلیمی ادارے بند ہیں۔ ہنگامی صورتحال میں کارروائی کرنے والے ریاستی مرکز کی تازہ رپورٹ کے مطابق چٹانوں کے ٹکڑے گرنے اور مسلسل بارش کے سبب ریاست بھر میں 309 سڑکیں متاثر ہوئی ہیں، جن میں قومی شاہراہ بھی شامل ہے۔ اِس کے علاوہ 113 بجلی کے ٹرانس فارمر اور 236 پینے کے پانی کی اسکیموں کو نقصان پہنچا ہے۔

رپورٹ کے مطابق اِس مانسون کی شروعات سے ریاست میں بارش سے متعلق واقعات میں 184 افراد کی جان گئی ہے، جبکہ 36 افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔ اب تک ایک ہزار 714 کروڑ روپے کی سرکاری املاک کو بھی نقصان پہنچا ہے۔×

**Pak- Disaster**

پاکستان میں مانسون کی بارش اور چٹانوں کے ٹکڑے گرنے کی وجہ سے 26 جون سے اب تک 300 سے زیادہ افراد کی موت ہوچکی ہے۔ اِن میں 140 بچے بھی شامل ہیں۔ اِس کے علاوہ 715 سے زیادہ لوگ زخمی بھی ہوئے ہیں۔

قدرتی آفات سے پیدا حالات سے نمٹنے والی قومی اتھارٹی نے اپنی تازہ رپورٹ میں کہا ہے کہ مرنے والوں میں 57 خواتین بھی شامل ہیں۔ اِملاک کو ہونے والے نقصان کی تفصیل بتاتے ہوئے رپورٹ میں یہ تخمینہ لگایا ہے کہ مجموعی طورپر ایک ہزار 676 مکانوں کو نقصان پہنچا ہے اور اِن میں سے 562 مکان پوری طرح تہس نہس ہوگئے ہیں۔

بارش کے دوران تقریباً **428** مویشی بھی مر گئے ہیں۔ بیشتر اموات عمارتوں کے ڈھے جانے، چٹانوں کے ٹکڑے گرنے، بجلی گرنے اور بجلی کا کرنٹ لگنے سے ہوئی ہیں۔×

## Iran Securty Council

ایران کی سپریم قومی سلامتی کونسل نے ایک نئی دفاعی کونسل کی تشکیل کی منظوری دے دی ہے، جس کے سربراہ ایران کے صدر مسعود **Pezeshkian** ہوں گے۔ سرکاری میڈیا کے مطابق مذکورہ کونسل دفاعی منصوبوں کے جائزے کو مرکزی شکل دے گی اور ایران کی مسلح افواج کی صلاحیت کو فروغ دے گی۔ اس میں ایگزیکٹو عدلیہ اور لیجسلیٹو شاخوں کے سربراہ نیز اعلیٰ فوجی کمانڈر اور سرکردہ وزیر شامل ہوں گے۔

اِدھر ایران کے وزیر خارجہ سید عباس اراغچی نے یوروپی ملکوں کے ساتھ بات چیت سے پہلے پُرامن طریقے سے یورینیم کو افزودہ بنانے کے ایران کے عہد کو دوہرایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران یورینیم کو افزودہ بنانے سمیت پُرامن ایٹمی توانائی کے اپنے حق کا دفاع کرتا رہے گا۔×

## 5th Day IND-ENG Test

کرکٹ میں، لندن کے اوول میں اینڈرسن۔تیندولکر ٹرافی کا پانچواں ٹیسٹ، سنسنی خیز مرحلے میں داخل ہو گیا ہے۔ میزبان انگلینڈ، اپنی دوسری اننگز میں آج آخری دن **6** وکٹ کے نقصان پر **339** رن سے آگے کھیلنا شروع کرے گا۔ انگلینڈ کو جیتنے کے لیے مزید **35** رن کی ضرورت ہے، جبکہ بھارت کو جیت کے لیے باقی چار کھلاڑیوں کو آؤٹ کرنا ہوگا۔

اِس سے قبل انگلینڈ کو جیت کے لیے **374** رن کا نشانہ ملا تھا اور انگلینڈ کے **Harry Brook** کی **111** رن کی شاندار اننگز اور **Joe Root** کے **105** رن کی بدولت اُس کی پوزیشن مضبوط ہوگئی۔ تاہم بھارت نے بعد میں اچھی گیند بازی کرکے میچ میں واپسی کی کوشش کی۔ بھارت کے لیے محمد سراج نے اب تک **3** وکٹ حاصل کیے ہیں۔

بھارت نے اپنی دوسری اننگز میں **396** رن بنائے تھے جس میں یشسوی جیسوال کے شاندار **118** رن اور آکاش دیپ، رویندر جڈیجہ اور واشنگٹن سندر کی نصف سینچریاں شامل ہیں۔ بھارت اِس وقت پانچ میچوں کی سیریز میں ایک-دو سے پیچھے ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆